## 10216 ـ عبداللہ ھرری حبشی کے متعلق سوال

**سوال**

کیا عبداللہ ھرری حبشی نے اسلام کی خدمت کی ہے یا کہ اسے نقصان پہنچایا ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

مذکورہ شخص ایک بہت ہی برا اور اس دور میں بدعت اور گمراہی کی جڑ اور ان کا سرخیل ہے ، اس نے اپنے آپ اور اپنے پیروکاروں کو مسلمانوں کے اس عقیدہ کو جس پر نبی صلی اللہ تعالی اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالی عنہم اور تابعین عظام رحمہم اللہ تعالی تھے اسے تباہ کرنے کے لئے تیار کررکھا ہے ، اور افقھیات میں انہوں نے اپنے لئے ایک فاسد مذھب بنایا ہواہے جو کہ ہر شاذ اور ردی قول پر مشتمل ہے جس کی کتاب و سنت میں کوئ سند ہی نہیں ملتی ، اور ان کی اعتقادی اور عملی بہت ہی شنیع غلطیاں ہیں اور اسی طرح وہ دین اسلام کے آئمہ پر سب و شتم کرتے ہیں ۔

توہرجگہ اور ہر ملک کے مسلمانوں پر واجب ہے کہ وہ اس گمراہ فرقہ اور ان کے منحرف شدہ افکار اور شاذ قسم کی آراء سے بچ کر رہیں ۔

ہم اللہ تعالی سے دعا گو ہیں کہ وہ اس فرقہ کے شراور دوسروں کے شرسے مسلمانوں کومحفوظ رکھے ، بیشک وہ اس پر قادر ہے ۔ .